نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی کاشتکاروں کو موسم گرما کی سبزیات کاشت کرنے کی ہدایت

لاہور **17 فروری 2022**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ کاشتکار موسم گرما کی سبزیات کریلا، گھیا کدو، چپن کدو، کالی توری، بھنڈی، گھیا توری، بینگن، ٹماٹر، سبز مرچ، شملہ مرچ، تر، کھیرا، پیٹھا وغیرہ سمیت موسم گرما کی دیگر سبزیات کی کاشت فوری کرلیں۔ یاد رہے موسم گرما کی سبزیات کی کاشت وسط فروری تا مارچ کے اختتام تک کی جا سکتی ہے۔ مارچ کے بعد کاشت کی گئی سبزیات کی کاشت درجہ حرارت بڑھنے سے قاصر رہتی ہے۔ موسم گرما کی سبزیات کی نشوونما کیلئے درجہ حرارت 20 تا35 ڈگری سینٹی گریڈ موزوں رہتا ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان نے مزید بتایا کہ موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے اچھے نکاس اور نامیاتی مادہ رکھنے والی میرا زمین موزوں ہے۔ سبزیات کی کاشت سے چندروز پہلے گوبر کی گلی سڑی کھاد ڈالنے سے زمین مزید بہتر ہوتی ہے۔ موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے ایسی اقسام کا بیج استعمال کریں جس کی اگاؤ کی شرح 80 فیصد سے کم نہ ہو اور کاشتکار محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے ایسی اقسام کا انتخاب کریں جو موسمی حالات کے مطابق کیڑے مکوڑوں اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کی حامل ہوں۔ ٹماٹر اور مرچ کی کاشت بذریعہ پنیری کریں اور جب پنیری کی عمر 30 تا35 دن ہو جائے تو پنیری کو محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے سفارش کردہ فاصلہ پر منتقل کر دیں۔ کریلہ، گھیا کدو، چپن کدو، گھیا توری، تر اور کھیرا کی کاشت پٹریوں کی ایک جانب جبکہ بھنڈی توری کی کاشت پٹریوں کے دونوں جانب کرنے سے بہتر نتائج ملتے ہیں۔

☆☆☆☆

نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی کاشتکاروں کو موسم گرما کی سبزیات کاشت کرنے کی ہدایت

لاہور 17 فروری 2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ کاشتکار موسم گرما کی سبزیات کریلا، گھیا کدو، چپن کدو، کالی توری، بھنڈی، گھیا توری، بینگن، ٹماٹر، سبز مرچ، شملہ مرچ، تر، کھیرا، پیٹھا وغیرہ سمیت موسم گرما کی دیگر سبزیات کی کاشت فوری کرلیں۔ یادرہے موسم گرما کی سبزیات کی کاشت وسط فروری تا مارچ کے اختتام تک کی جا سکتی ہے۔ مارچ کے بعد کاشت کی گئی سبزیات کی کاشت درجہ حرارت بڑھنے سے قاصر رہتی ہے۔ موسم گرما کی سبزیات کی نشوونما کیلئے درجہ حرارت 20 تا35 ڈگری سینٹی گریڈ موزوں رہتا ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان نے مزید بتایا کہ موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے اچھے نکاس اور نامیاتی مادہ رکھنے والی میرا زمین موزوں ہے۔ سبزیات کی کاشت سے چندروز پہلے گوبر کی گلی سڑی کھاد ڈالنے سے زمین مزید بہتر ہوتی ہے۔ موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے ایسی اقسام کا بیج استعمال کریں جس کی اگاؤ کی شرح 80 فیصد سے کم نہ ہو اور کاشتکار محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے ایسی اقسام کا انتخاب کریں جو موسمی حالات کے مطابق کیڑے مکوڑوں اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کی حامل ہوں۔ ٹماٹر اور مرچ کی کاشت بذریعہ پنیری کریں اور جب پنیری کی عمر 30 تا35 دن ہوجائے تو پنیری کو محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے سفارش کردہ فاصلہ پر منتقل کردیں۔ کریلہ، گھیا کدو، چپن کدو، گھیا توری، تر اور کھیرا کی کاشت پٹریوں کی ایک جانب جبکہ بھنڈی توری کی کاشت پٹریوں کے دونوں جانب کرنے سے نتائج بہتر ملتے ہیں۔

☆☆☆☆